حضرت شیخ الحدیث مدظلہ سے حکیم محمد سعید کی ملاقات اور عیادت ہمدرد فاؤنڈیشن کے چیئرمین جناب حکیم محمد سعید صاحب مورخہ ۲۸ جون کو پشاور سے راولپنڈی جاتے ہوئے مغرب کے وقت حضرت شیخ الحدیث مولانا عبدالحق مدظلہ کی عیادت کے لئے دارالعلوم تشریف لائے۔ اور شیخ الحدیث مدظلہ سے جناب مولانا سمیع الحق کی اقامت گاہ پر ملاقات اور عیادت کی۔ امراض کی تشخیص و تحقیق کی۔ اور معالجہ کے سلسلہ میں مفید ادویات کے نسخے تجویز کئے۔ علاوہ ازیں ملکی حالات اور قومی سطح پر طبی خدمات کے سلسلہ میں تبادلہ خیال کیا۔ حکیم صاحب نے عباسی حکمرانوں کی طرح قدیم طرز کے "مدینۃ الحکمۃ" آباد کرنے کے اپنے وسیع اور عظیم تعمیراتی منصوبہ کی تکمیل اور استحکام کے لئے شیخ الحدیث مدظلہ سے دعا کی درخواست بھی کی۔ تقریباً پون گھنٹہ کی اس نشست میں جناب حکیم محمد سعید صاحب شیخ الحدیث مولانا عبدالحق اور مدیر الحق جناب مولانا سمیع الحق کی باہمی مشاورت اور تبادلہ خیال میں ملک میں تحریک نفاذ شریعت، شریعت بل کو منظور کرانے اور اس سلسلہ میں پیش رفت اور کامیابی کے امکانات اس سلسلہ میں ممکنہ جدوجہد کا مثبت لائحہ عمل اور اس کے کئی ایک پہلو بھی زیر بحث آئے۔

ترجمہ و دورۂ تفسیر دارالعلوم میں اس سال بھی ترجمہ و دورۂ تفسیر کا سلسلہ بحمداللہ جاری اور کامیاب رہا۔ جسے دارالعلوم کے دو اساتذہ مولانا مفتی غلام الرحمن اور مولانا عبدالقیوم حقانی پڑھاتے رہے۔ ۱۵ شعبان کو آغاز ہوا۔ اور ۲۳ رمضان المبارک کو اس کے اختتام پر دارالحدیث میں ختم تفسیر اور تقسیم اسناد کی اختتامی تقریب منعقد ہوئی۔ ڈیڑھ سو سے زائد طلبہ باقاعدہ شریک رہے۔ کامیابی کے معیار پر پورے اترنے والے ۷۵ طلبہ کو سندات تفسیر جاری کی گئیں۔ جبکہ درس میں ڈیڑھ دو سو افراد شریک رہے اور اول پوزیشن حاصل کرنے والے بعض لائق طلبہ میں حضرت العلامہ مولانا قاضی زاہد الحسینی مدظلہ کی عنایت فرمودہ گراں قدر کتابیں بھی بطور انعام تقسیم کی گئیں۔

سفر عمرہ ماہنامہ الحق کے مدیر جناب مولانا سمیع الحق، دارالعلوم کے استاد جناب مولانا انوار الحق الحق کے منیجر جناب شفیق فاروقی۔ اور کاتب الحق جناب مولانا محمد عبدالواحد اختر رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں عمرہ ادا کرنے کی غرض سے حجاز مقدس تشریف لے گئے۔ عشرہ بھر وہیں قیام رہا۔ یکم شوال کو بخیر و عافیت واپسی ہوئی۔

مولانا پیر محمد وقفی کی شہادت دارالعلوم کے ایک لائق، ہونہار، جواں سال روحانی فرزند اور مجاہد فاضل جناب مولانا پیر محمد وقفی فاضل حقانیہ بھی اپنے دوسرے رفقاء کی طرح جہاد افغانستان میں روسی دشمن سے مردانہ وار مقابلہ کرتے ہوئے شہید ہوگئے انا للہ وانا الیہ راجعون

جناب وقفی صاحب نے درس نظامی کی تکمیل اور دورۂ حدیث شریف دارالعلوم میں کیا تھا چھ سات سال